04/05/2026

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں **بصارت گل**

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے "نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان" کے تحت تمام ضلع انتظامیہ کے افسران کو اگلے 78 دنوں مینتیجہ خیز حکمت عملی اپنانے پر زور دیا۔انہوں نے پنچایت اور وارڈ سطح پر عوامی رابطہ مہم کو عوامی تحریک بنانے کے لئے مذہبی رہنماو

ں، ماہرین تعلیم، تاجر برادری، یوتھ گروپس اور سیاسی و سماجی کارکنوں کو شامل کرنے پر ۃ بھی زور دیا۔

ان باتوں کا اظہار ایل جی نے لوک بھون سرینگر میں "نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان" کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے سلسلے میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس کے مکمل خاتمے کے لیے ضلع سطح کا Terrorism دوران منشیات کے استعمال اور نارکو ایکشن پلان تیار کرنے کی متعلقین کو ہدایت دی گئی ۔ میٹنگ میں چیف سیکرٹری اٹل ڈلو، ڈی جی پی نلن پربھات سمیت سول و پولیس انتظامیہ کے سینئر افسران نے شرکت کی۔

پد یاترا

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہانے کہا کہ جمونو کشمیر میں جاری منشیات مخالف مہم تین محاذوں پر جاری ہے جس میں سپلائی چین کا خاتمہ، زمینی سطح پر بیداری پیدا کرنا اور نشے کے عادی اَفراد کی باوقار بحالی شامل ہےں۔ "نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان" کے تحت ٹی آر سی فٹ بال گراو

نڈ سرینگر میں پد یاترا کے موقعے پر ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹیننٹ گورنر نے ۃ کہا کہ 11 اپریل سے 2 مئی کے درمیان جموں و کشمیر میں صرف 21 دنوں میں 481 ایف آئی

آر درج کی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اب تک 518 منشیات سمگلروں کو جیل بھیج دیا گیا جبکہ منشیات فروشوں کے 24 مکانات مسمار کئے گئے اور کروڑوں کی جائیداد ضبط کی گئی۔

دربار مُو

سالانہ دربار مُو کے سلسلے میں آج سرینگر میں دفتر کُھل گئے۔ اس ضمن میں سرینگر کے سول سیکریٹریٹ میں وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ کو گارڑ آف آنر پیش کیا گیا۔

حج

اقلیتی امور کے وزیر کِرن رجیجو نے کہا ہے کہ وزارت ہر بھارتی مسلمان کیلئے حج کے سفر کو قابل رسائی اور کفایتی بنانے کیلئے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا وسطی ایشیا بحران کے درمیان ایندھن کی قیمتوں میں اضافہ کے سبب ائرلائنز نے 400 ڈالر کا مطالبہ کیا البتہ وزارت کی کاوشوں کی بدولت اب حج کمیٹی آف انڈیا کے ذریعے جانے والوں کو 100 ڈالر جبکہ پرائیویٹ عازمین کیلئے 150 ڈالر کا اضافہ مقرر کیا گیا۔

وزیر نے کہا ہم نہیں چاہتے ہیں کہ عازمین کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے جس کی وجہ سے ائر لائنز کے ساتھ افہام وتفہیم کا راستہ اختیار کیا۔

اعجاز بشیر

محکمہ ہائر ایجوکیشن نے جموں کشمیر کے تمام کالجوں میں تعلیمی سال 2026-27 کے لئے چار پروگراموں کے داخلے کا اعلان کیا ہے ۔ PG سالہ انڈر گریجویٹ پروگرام اور پانچ سالہ انٹگریٹڈ اس سلسلے میں ڈائریکٹر کالجز جموں کشمیر ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

سینسس

پرنسپل سینسس آفیسر (اربن) سرینگر اورکمشنر ایس ایم سی کے دفتر نے سرینگر کے تمام لوگوں سے 17 Enumeration مئی سے 31 مئی 2027 تک منعقد ہونے والی مردم شماری کے سیلف مرحلے میں حصہ لینے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے مستقبل کی منصوبہ بندی اور ترقی کے لیے قابل اعتماد شماریاتی بنیاد انتہائی اہم ہے ۔ انہوں نے کہا کہ یہ عمل ڈیجیٹل گورننس اور شہریوں کو بااختیار بنانے کو بھی فروغ دیتا ہے۔

نشہ مکت بھارت ابھیان

جموں کشمیر میں سو روز پر مشتمل نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت مختلف قسم کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ تمام اضلاع میں سِول اور پولیس انتظامیہ کے اہتمام سے بیداری پروگراموں اور ریلیوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ پولیس نے بھی اس ابھیان کو کامیاب بنانے کیلئے اپنی کارروائیوں میں سُرعت لائی ہے۔

Championship

کشمیر یونیورسٹی کے سپورٹس گراونڈ میں آج صبح ساڑھے گیارہ بجے All India Inter University Wushu Championship کا آغاز ہو ا۔ افتتاحی تقریب میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے شرکت کی ۔ اس موقعے پر مختلف سِول اور پولیس انتظامیہ کے افسران کے علاوہ شائقین کھیل کی ایک بڑی تعداد تقریب میں موجود تھی۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****